# بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم خالدہ ضیاء شدید علیل، بغرض علاج لندن روانہ

**خورشید فرازی**

بنگلہ دیش کا ذکر آتے ہی لوگ شیخ مجیب الرحمٰن بانی بنگلہ دیش کا نام لیتے ہیں ساتھ ہی شیخ مجیب الرحمٰن سمیت اس خاندان کے کئی افراد کا قتل عام کا ذکر کرتے ہوئے شیخ حسینہ تک کا ذکر کرتے ہیں جن کی 15 سالہ حکومت گزشتہ سال 5 اگست سے شروع ہوئے پرتشدد احتجاج کے بعد اس وقت ختم ہوگئی جب احتجاجیوں کی ٹولی ان کی شاہی رہائش گاہ تک پہنچنے والی تھی اور اپنی جان بچانے کی خاطر وہ اپنی چھوٹی بہن شیخ ریحانہ کو ساتھ لیکر ہندستان چلی آئیں اور اس وقت وہ ہندستان میں جلاوطنی کی زندگی گزار رہی ہیں اور اس طرح سے شیخ مجیب سے شروع ہونے والی کلاسیکل داستان شیخ حسینہ تک آکر ختم ہوجاتی ہے۔ اگرچہ کچھ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بنگلہ دیش کے احتجاجیوں کو پھر کیڑے کاٹنے لگیں گے اور وہ موجودہ عبوری حکمراں محمد یونس کے خلاف بھی اسی انداز کی تحریک شروع کردیں گے جس انداز کی تحریک چلاکر انہوں نے شیخ مجیب الرحمٰن اور ان کے خاندان کے بیشتر لوگوں کو قتل کیا پھر تقریباً 40 سال بعد ان کی بیٹی شیخ حسینہ کی حکومت کا تختہ الٹ دیا وار کوئی ٹھیک نہیں کہ 2025 میں محمد یونس ملک میں الیکشن کرانے کی جملہ بازی کررہے ہیں لیکن حقیقتاً ایسا ہرگز نہیں چاہتے کیونکہ الیکشن کے بعد تو حکمرانی رہنے والی نہیں اوعروہ کوئی منتخب حکمراں بھی نہیں اور نہ ہی وہ اس لائق ہیں کہ الیکشن لڑسکیں اور الیکشن میں کھڑے بھی ہوئے تو جیت ہار کی بات تو دور رہی ان کی ضمانت بھی ضبط ہوسکتی ہے اور تذکرے میں محمد یونس بطور عبوری حکمراں کا ذکر بھی آسکتا ہے لیکن مجیب، حسینہ اور یونس کے علاوہ بنگلہ دیش کی ایسی شخصیتیں ہیں جو حکمرانی کرچکے ہیں جس میں ضیاء الرحمٰن، خالدہ ضیاء، عبدالستار، وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں اور خالدہ ضا جو سابق وزیر اعظم مقتول ضیاء الرحمٰن کی اہلیہ ہیں جن کے شوہر کو انہی کی سیکورٹی فورس نے گولی مار کر ہلاک کردیا تھا لیکن انہیں کیوں قتل کیا گیا اور سیکورٹی فورس کو ان سے کیا دشمنی تھی، اس کے بارے میں کچھ بھی پتہ نہیں چل سکا تھا۔ لیکن خالدہ ضیاء جوان کی اہلیہ تھیں انہوں نے اپنے شوہر کے دردناک موت سے ہمت نہیں ہاری تھیں بلکہ اپنے ملک کے لوگوں کو غلط ہاتھوں کے ذریعہ استعمال کرنے کے چکرویو سے بچانے کے لئے اقتدار کی جنگ میں شامل ہوگئیں اور ان کی پارٹی بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) جس کی بنیاد ان کے مقتول شوہر ضیاء الرحمٰن نے رکھی تھی۔ ضیاء الرحمٰن کے قتل کے بعد بی این پی کے لاکھوں حامیوں پرزور آواز اٹھائی تھی کہ ضیاء الرحمٰن کی جگہ پر ان کی بیگم کو اقتدار کی حصولی کیلئے آگے آنا چاہئے اور بی این پی حامیوں کے زبردست اصرار پر خالدہ ضیاء نے سیاست میں آنے کا فیصلہ لیا تھا اور الیکشن میں انہیں کامیابی بھی ملی اور ان کے وزیر اعظم بننے کے بعد رفتہ رفتہ بنگلہ دیش کے حالات معمول پر آنا شروع ہوگئے تھے لیکن شیخ حسینہ نے 2009 کے الیکشن میں کامیابی حاصل کرلی اور مختلف الزامات کے پیش نظر نہ صرف بی این پی چیف خالدہ ضیاء کو جیل میں ڈال دیا بلکہ بی این پی کے تمام لیڈروں کو بھی جیل میں ڈال دیا۔ جیل میں کئی سال گزارنے کی وجہ سے خالدہ ضیاء کی طبیعت خراب ہوچلی تھی لیکن حسینہ حکومت نے علاج کا بندوبست بھی جیل میں کیا جس کی وجہ سے خالدہ ضیاء نے ملک کے الیکشن کا بائیکاٹ کیا اور اپنی پارٹی کو بھی منع کردیا تھا کہ وہ الیکشن میں اپنے امیدواروں کو نہ اتارے اور بی این پی نے لگاتار تین جنرل الیکشن کا بائیکاٹ کیا اور شیخ حسینہ ہرمرتبہ بنا کسی مخالفت کے کامیاب ہوگئیں اور 2024 کے اوائل میں وہ تیسری مرتبہ وزیر اعظم منتخب ہوئی تھیں، اگرچہ الیکشن سے پہلے انہوں نے خالدہ ضیاء کو مشروط رہائی دیدی تھی لیکن پابندی تھی کہ وہ ملک چھوڑ کر نہیں جاسکتیں، ان کا پاسپورٹ ضبط کرر کھا گیا تھا۔ لیکن اب جبکہ شیخ حسینہ کی حکومت الٹ گئی اور ملک سے فرار ہونے کے بعد ان کا قصہ تقریباً ختم ہوچلا تھا، لہٰذا پورے تین سال تک وہ غیرملک جاکر علاج کرانے کی درخواست کرتی رہیں لیکن ان کی درخواست شیخ حسینہ نے ہرمرتبہ مسترد کردی تھی لیکن اب تین سال تک زبردست بیمار رہنے کے بعد انہیں لندن جاکر اپنا علاج کرانے کی اجازت مل گئی ہے۔ عمر کی زیادتی کی بناء پر انہیں کئی طرح کے امراض لاحق ہوچلے ہیں۔ ایک ایئر ایمبولینس کے ذریعہ وہ لندن کے لئے روانہ ہوئی ہیں۔ بیگم ضیاء کے ساتھ ان کے خاندان کے سبھی ممبران جن کی تعداد 15 ہے وہ سب لندن جارہے ہیں اور ایسا لگ رہا ہے کہ بیگم ضیاء کے اب بچنے کی امید کم ہے اور ان کی موت کے بعد ان کے خاندان کے لوگوں کے ساتھ کوئی براسلوک نہ ہو، اس لئے ان کا پورا خاندان ایئر ایمبولینس میں لندن کے لئے روانہ ہوگیا ہے۔ قطری امیر تمیم بن حماد الہقانی نے بیگم ضیاء کی بدتر صحت پر اپنی فکرمندی کا اظہار کیا ہے۔ قطری امیر کے والد کے ساتھ سابق وزیر اعظم ضیاء الرحمٰن کے تعلقات کافی گہرے تھے۔ قطری امیر نے بیگم ضیاء کو ہر قسم کی مدد دینے کا بھی یقین دلایا ہے اور ایئر ایمبولینس بھی قطری امیر کی ملکیت ہے۔ 79 سالہ سابق وزیر اعظم خالدہ ضیاء جو اس وقت متعدد بیماریوں میں مبتلا ہیں انہیں فروری 2018 میں شیخ حسینہ نے بدعنوانی کے جھوٹے کیس میں پھنسا کر جیل بھیج دیا تھا تاکہ ان کی سیاست کی راہ کا کانٹا نکل جائے۔ 2020 میں کووڈ کے دوران ان کی قید کو 6 ماہ کیلئے عارضی طور پر ختم کردیا تھا اور اس وقت سے بی این پی کے لیڈران شیخ حسینہ سے مطالبہ کررہے تھے کہ انہیں ملک سے باہر جاکر علاج کرانے کی اجازت دی جائے لیکن حسینہ حکومت کے جابرانہ عمل سے یہ ممکن نہ ہوسکا تھا۔



روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | جمعرات، ۹ جنوری ۲۰۲۵ء

# دہلی اسمبلی الیکشن 5 فروری کو

## نتائج 8 فروری کو، کس کا ہوگا بول بالا؟

راجدھانی دہلی جو مرکز کے تحت ریاست ہے وہاں 5 فروری کو ایک ہی مرحلے میں اسمبلی الیکشن ہے اور اس کے نتائج 8 فروری کو برآمد ہوں گے اور دہلی کا یہ الیکشن ثابت کرے گا کہ راجدھانی کے لوگ پرائم منسٹر نریندر مودی کو کتنا چاہتے ہیں۔ جہاں تک کہ دہلی کے ووٹروں کا سوال ہے وہاں 82 فیصد ہندو ووٹرس ہیں جس میں ہندو سکھ بھی شامل ہیں اور باقی 18 فیصد میں مسلم، عیسائی، جین، زرتشت (پارسی) ہیں لہٰذا 82 فیصد ہندو اگر بی جے پی کے حق میں ووٹ دیں تو بی جے پی کے لئے دہلی میں حکومت کی تشکیل کرنا اور اپنی من مانی کرنا بہت ہی آسان ہوگا لیکن مصیبت یہ ہے کہ دہلی کے ووٹرس اترپردیش، مدھیہ پردیش، ہریانہ، راجستھان کے ووٹروں کے مقابلے میں بھلے ہی بہت زیادہ تعلیم یافتہ نہ ہوں لیکن وہ جاگتا ہوا ذہن ضرور رکھتے ہیں اور ان جاگتے ہوئے ذہنوں کا یہی کہنا ہے کہ مودی سے پاک ہو دہلی اسمبلی۔ دہلی کا آخری الیکشن 2020 میں ہوا تھا اور 70 ممبر اسمبلی میں عام آدمی پارٹی نے 62 سیٹیں جیتی تھیں اور بی جے پی کو 8 سیٹیں ملی تھیں اور کانگریس وہاں اپنا کھاتہ بھی نہیں کھول سکی تھی لیکن اس مرتبہ بی جے پی نے پورا زور لگا دیا ہے اور عام آدمی پارٹی کو نیست ونابود کرنے کے لئے پہلے اس کے اہم لیڈر منیش سسودیا کو منی لانڈرینگ کے جھوٹے کیس میں پھنسا کر مہینوں جیل میں سڑا دیا اور پھر وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو آبکاری کیس میں لپیٹا اور انہیں بھی مہینوں جیل میں سڑایا پھر رہا کردیا۔ رہاں ہونے کے بعد سسودیا اور کیجریوال نے صرف فتح کا نشان دکھا کر ظاہر کیا کہ فتح ان کی ہوئی ہے لیکن ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ وہ اپنی گرفتاری کو سپریم کورٹ میں چیلنج کرتے اور سپریم کورٹ میں ان کی شنوائی ضرور ہوتی کیونکہ سسودیا اور کیجریوال دونوں اسی کمیونٹی سے تعلق رکھتے ہیں جس کمیونٹی سے مودی، شاہ رکھتے ہیں لیکن انہوں نے اپنی گرفتاری کو سپریم کورٹ میں چیلنج نہیں کیا۔ کیجریوال کے خلاف آبکاری کیس کے علاوہ اپنی سرکاری رہائش گاہ کے علاوہ اپنے نجی گھر کی تعمیر میں جو 44 کروڑ روپے خرچ ہوئے اس سلسلے میں کیجریوال کوئی جواب نہیں دے سکے ہیں کہ ایک گھر کی سجاوٹ، پورے کوریڈور کا فرش سنگ مرمر اور چاروں طرف کی دیواروں پر رنگین نقش ونگار کسی عرب شہنشاہ کی جاگیر نظر آتی تھی اور ایسا لگتا تھا کہ صرف 44 کروڑ نہیں بلکہ 60 سے 70 کروڑ کی لاگت سے وہ رہائش گاہ تیار ہوئی تھی اور اتنے قیمتی بیش قیمت پتھروں سے تیار گھر میں ایک عام آدمی پارٹی لیڈر رہے اور خود کو عام آدمی کہے، یہ تو ممکن ہی نہیں ہے۔

اسے اگر تسلیم کیا جائے کہ بی جے پی ایک خودغرض فرقہ پرست پارٹی ہے اور اس کے لیڈران لوگوں کو صرف بیوقوف بناتے رہے ہیں تو اس بات کو تسلیم کیا جاسکتا ہے لیکن بی جے پی نے عام آدمی پارٹی کے دو لیڈران بشمول سسودیا اور کیجریوال کے خلاف جو کارروائی کی اس میں ممکن ہے زیادتی ہوئی ہو، لیکن ایسا بھی نہیں ہے کہ وہ دونوں بالکل بے قصور تھے۔ ایک صاف گو سچا انسان کبھی اپنے خلاف جھوٹے الزام سہہ نہیں سکتا اور وہ سسودیا اور کیجریوال کی طرح سے خاموش نہیں رہ سکتا۔ 2020 میں بھلے ہی کانگریس نے یہاں اپنا کھاتہ نہ کھولا ہو لیکن اس مرتبہ عام آدمی پارٹی کا براہ راست مقابلہ بی جے پی سے نہیں بلکہ کانگریس سے ہوگا اور یہ بات عام آدمی پارٹی کے لیڈران بھی جانتے ہیں کہ اس مرتبہ براہ راست مقابلہ کانگریس سے ہوگا اور جہاں تک بی جے پی کی بات کریں تو کہا جاسکتا ہے کہ دہلی کے عوام نے 2015، 2020 میں بی جے پی کو مسترد کیا اور اس سے پہلے برسوں تک شیلا ڈکشت کانگریس کی وزیر اعلیٰ رہیں اور تین معیادیں بطور وزیر اعلیٰ کے گزاریں۔ لہٰذا دہلی میں تین دہائی قبل بھی بی جے پی کا نام ونشان نہ تھا اور 2025 میں بھی کہا جاسکتا ہے کہ اس مرتبہ بھی بی جے پی کا نام ونشان بڑی مشکل سے دریافت ہوگا۔

اگر حقیقت کی نظروں سے دیکھا جائے تو یہ احساس جانگزیں ہوگا کہ بی جے پی جیسی پارٹی جو لوگوں کو صرف بہلا وا دے کر جھوٹ، فریب اور مکاری سے اپنی جملہ بازی سے خود کو زندہ رکھے ہوئے ہے وہ دن اب دور نہیں کہ بی جے پی سے خود ان کے نام نہاد گئو رکھشک اور رام آب لنچنگ کرنے والے اس گورکھ دھندہ کرنے والی پارٹی کو انگوٹھا دکھانے والے ہیں اور بہت جلد ان اندھیروں کے پجاریوں کو روشنی میں آنے کا موقع ملے گا اور وہ اس حقیقت کو پہچان کرسکنے میں رہ جائیں گے کہ اب کہیں بھی کوئی ان کا نام لیوا نہیں ہے اور جن پر تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے ہیں۔ اس وقت پورے ملک کو دو گجراتی تگنی کا ناچ نچا کر ہیں لیکن یہ دہلی کا الیکشن اور اس کے نتائج جو 8 فروری کو سامنے آئیں گے وہ بی جے پی کو بیلجیئم کا آئینہ دکھائیں گے اور یہ بات اپنی جگہ پر بالکل طے ہے۔ (خ الف ف)

# نتیش کمار بھاگوت رتن ایوارڈ کے مستحق

**بینام گیلانی**

ایوارڈ ایک ایسا لفظ ہے جس سے کم و بیش تمام زبان کے اہل علم واقف ہیں۔ انتہا تو یہ ہے کہ الفاظ سے نابلد انسان بھی اس کے معنی ومفہوم، اس کی معنویت و افادیت نیز اس کے اہل کی عظمت سے واقف کار ہے۔ ہو بھی کیوں نہیں کیونکہ یہ ایک بہت ہی بیش بہا علامت ہے۔ کسی شخصیت کے ذریعے انجام دئے گئے کارہائے نمایاں کی۔ ہر انسان کو کم ازکم اتنا تو علم ہے ہی کہ جسے بھی ایوارڈ حاصل ہوا ہے وہ اپنے میدان عمل کی ایک منفرد اور قابل قدر شخصیت ہے۔ بلا شبہ کوئی بھی ایوارڈ ہو وہ ایک مخصوص انسان کی حصولیابیوں کی دلیل ہے۔ یہ دیگر امر ہے کہ معاصر عہد میں اس ایوارڈ کی خرید وفروخت عمل پزیر ہورہی ہے۔ اسی کے باہم خشامد کا ایک حسین حربہ بھی ہے۔ ایوارڈ کے ایسے استعمال نے اس کی اہمیت وقدر و قیمت کو بہت مجروح کیا ہے۔ افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ ایوارڈ کی اس سوداگری میں صاحبان علم ہی ملوث ہیں کیونکہ بے علموں کو تو یہ بھی نہیں معلوم کہ یہ ہے کیا بلا۔ وہ تو بے چارے ہیں اور بے چارے رہیں گے۔ انتہا تو یہ ہے کہ اب مانگ کے اور لڑ کے بھی ایوارڈ لیا جانے لگا ہے۔ اس طرح لوگوں نے ایوارڈ کی قدر و قیمت و اہمیت کو بالکل ہی بیقدر کرکے رکھ دیا ہے۔

اب پہلی بات یہ ہے کہ جملہ ایوارڈ کی اب کوئی خاص اہمیت نہیں رہ گئی۔ کیونکہ اسے بھی لوگوں نے جنس بازار بنا رکھا ہے یا اپنی غرض کی تکمیل کا ایک حسین ذریعہ۔ ایسے میں اس کی کیا اہمیت یا قدر و قیمت رہ سکتی ہے اس کا فیصلہ خود ذی فہم قاری کر سکتے ہیں۔ تاہم یہ ایوارڈ کا کاروبار فی زمانہ اپنے پورے شباب پر ہے ورایک کباڑی بھی کباڑ کے بھاؤ اسے خریدنے کا متمنی نظر آتا ہے۔ گویا ایوارڈ نہ ہوا زنگ آلود ٹین کا ڈبہ ہوا۔ اب چونکہ دنیا کا ہر فرد کوئی نہ کوئی ایوارڈ حاصل کرنے کا متمنی نظر آتا ہے۔ تو وزیر اعلیٰ بہار شری شری 108 شری نتش کمار کسی ایوارڈ کے متمنی کیوں نہ ہوں۔ کیا یہ اس دنیا کے آدمی نہیں ہیں۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ حضرت اپنی زبان سے اس تمنا کا اظہار کرنے سے قاصر نظر آتے ہیں۔ یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ خالق کائنات دلوں کے راز سے واقف ہے اور وہ تمام مخلوقات کی خواہشوں کی تکمیل کا سبب پیدا کردیتا ہے۔ جس سے راہ بھی ہموار ہوجاتی ہے۔ بلا شبہ وزیر اعلیٰ بہار نے اپنی اس قسم کی خواہش کا اظہار بذات خود کبھی نہیں کیا۔ لیکن آپ کے مخالف نمبر ایک اور بی جے پی کے بزرگ لیڈر گری راج سنگھ نے ان کی خواہشوں کا اظہار اپنی زبان خاص سے فرمادیا۔ انہوں نے واضح طور پر کہہ دیا کہ نتش کمار جیسے ایماندار اور کرمٹھ نیتا کو "بھارت رتن" ایوارڈ ملنا ہی چاہئے۔ یہ الفاظ خواہ کسی بھی مقصد کے تحت ادا کئے گئے ہوں۔ تاہم یہ ایک بلاتر دید حقیقت ہے کہ ان سے سازش کی بو آتی ہے۔ یہ وہی بی جے پی کے لیڈر ہیں جنہوں نے سدا نتش کمار کی راہوں میں کانٹے بونے کی کوشش کی ہے۔ اس لیڈر کو نتش کا برسر اقتدار رہنا پھوٹی آنکھ نہیں بھاتا ہے۔

نتش کمار جو آج پا رہے ہیں۔ وہ ان کے ماضی میں کئے کا ثمرہ ہی ہے۔ جس طرح موصوف نے بی جے پی کے خلاف ووٹ حاصل کرکے بی جے پی کے ساتھ حکومت تشکیل دی۔ جبکہ ان کو معلوم ہے کہ بی جے پی کبھی کسی کی نہیں ہوئی ہے۔ ابھی حال کے دنوں میں انہوں نے اڑیسہ میں کیا کیا۔ مہاراشٹر میں کیا کیا۔ ان سبھوں سے بھی نتش کمار نے کوئی سبق نہیں لیا۔ اتنا کچھ گزر جانے کے بعد بھی اسی بی جے پی کی خوشامد میں مصروف ہیں۔ لیکن بی جے پی ہے کہ آپ ہی کی بیساکھی پر کھڑی ہوکر آپ ہی کو آنکھ دکھا رہی ہے۔ آپ ہی کی بدولت ملک کے خزانے پر قابض ہوکر آپ ہی کو گداگری پر مجبور کئے ہے۔ انتہا تو یہ ہے کہ آپ کی صدائیں بھی سننے کو تیار نہیں ہے یعنی بی جے پی کی نگاہ میں آپ کی کوئی عزت وقدر ہے ہی نہیں۔ بلکہ اس پر مستزاد وہ تو گویا آپ کو ایک بوجھ سمجھتی ہے۔ جیسے کہ وہ آپ کو زبردستی ڈھو رہی ہے۔ ایسے میں نتش کمار کی جگہ اگر کوئی غیرت مند انسان ہوتا تو کب کا بی جے پی کا ساتھ چھوڑ دے رہتا۔ لیکن معلوم نہیں کیا بات ہے کہ آپ اس قدر بیعزتی ورسوائی کے باوجود بی جے پی کے دامن سے سمٹے ہیں۔ جبکہ بی جے پی بیوفائی کی ساری حدیں پار کرچکی ہے۔ وہ آپ ہی کی بدولت اقتدار کا مزہ لے رہی ہے، اپنے دوستوں کے لئے خزانہ کا منہ کھولے ہے۔ بینکوں کو لٹوا رہی ہے اور آپ کے افسران اور دوستوں کے یہاں ای ڈی کے چھاپے مروا رہی ہے۔ آخر نتش کمار کے دل میں کس چیز کا خوف ہے جو یہ اس سے چپکے نظر آتے ہیں۔ اس طرح تو یہ آپنے کئی وفادار افسران و سیاستدان کی بلی چڑھا چکے ہیں جو ان کے سیاسی کیریر کے لئے سم قاتل ثابت ہوسکتا ہے۔ شاید نتش کمار کو اس کی بھی پروا نہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ انہیں بھی امیت شاہ کی مانند یہ یقین ہے کہ یہ بی جے پی حکومت ابھی پچاس سالوں تک ہلنے نہیں جا رہی ہے۔ اسی یقین نے نتش کمار کو خوف زدہ کررکھا ہے۔ گو کہ اس خوف کے علاوہ اور بھی خوف ہوسکتا ہے جو نتش کمار کو اس قدر مجبور و بے بس کئے ہے۔ لیکن افسوس آپ اتنے تجربہ کار سیاست دان ہونے کے باوجود یہ سمجھنے سے کیوں قاصر رہے ہے کہ اگر بی جے پی کی حکومت معزول ہو جاتی ہے اور آپ خود نائب وزیر اعظم



ہوں گے پھر بی جے پی والے آپ کا کیا بگاڑ لیں گے۔ یہ جو آج غلام الکشن کمیشن، سی بی آئی اور ای ڈی والے شاہ کے اشارے پر متعدد سیاست داں کو پریشان کئے ہیں کل کو ان کی لگام بھی آپ ہی کے ہاتھ میں ہوگی۔ جب یہ تینوں محکمہ جات کی لگام آپ کے ہاتھوں میں ہوگی پھر آپ کو کیا خوف ہوسکتا ہے۔ معلوم نہیں کیوں آپ یا تو اس کی فہم سے قاصر رہے یا دانستہ یہ سمجھنا نہیں چاہتے اور ایک گمنام خوف کے سائے میں جینے کو مجبور رہے۔ معلوم نہیں یہ گمنام خوف کون سا ہے۔ کون سی کمزور رگ امیت شاہ کے ہاتھوں میں ہے۔ تاہم اب یہ راز تو افشا ہو ہی چکا ہے کہ شاہ اور وزیر اعظم نریندر داس دامودر داس مودی اپنے اپریشن لوٹس کے تحت نتش کمار کی پارٹی کو خفیہ طریقے سے توڑنے کی سعی فرما رہے ہیں۔ جس کی کامیابی کے لئے ان دونو نے جدیو کے کارگزار صدر سنجے جھا اور جدیو کے تجربہ کار لیڈر للن سنگھ کے علاوہ بھی کئی لیڈران کو توڑنے کی کوشش کی۔ چونکہ سنجے جھا کو اسی مقصد کے تحت بی جے پی نے جدیو میں بھیجا ہے بلکہ امیت شاہ کی سفارش پر خود نتش کمار نے انہیں کارگزار صدر نامزد کیا ہے۔ اس لئے سنجے جھا پر کوئی الزام تراشی نہیں کی جاسکتی ہے۔ ان کی تصویر بالکل واضح تھی اور ہے۔ بلکہ انہیں بی جے پی سے وفاداری کی داد ملی چاہئے۔ تاہم للن سنگھ جدیو کے سینیر لیڈران میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے خود اپنی پارٹی جدیو سے بغاوت کرکے مودی اور شاہ کی غلامی قبول کرلی۔ اسے کیا نام دینا چاہئے۔ اس امر کا فیصلہ خود باہ بصیرت قاری حضرات فرمانے کی زحمت گوارہ کریں۔ حالانکہ ایک انتہائی مضمون راقم الحروف نے کوئی چھ ماہ قبل "اپنی پارٹی کی بربادی کے ذمہدار خود نتش کمار ہوں گے" عنوان کے تحت قلم بند کیا تھا جو دلی کے اخبارات میں بھی شائع ہوا تھا اور پٹنہ کے اخبارات میں بھی۔ مذکورہ مضمون میں ناچیز نے کچھ ایسے لوگوں کی جانب اشارہ کیا تھا جو جدیو کی کشتی غرقاب کرنے والوں کی صف میں ل شامل ہوچکے تھے۔ گو کہ کسی اہل سیاست نے اس پر توجہ نہیں دی لیکن آج وہ مضمون حقیقت کی صورت میں نظر آرہا ہے۔ اگر نکتے پر غور فرمایا جائے تو حقائق تک پہنچنے میں کوئی دیر نہیں ہوگی۔ نتش کمار کے ایک بہت ہی قریبی سیاست داں نے وقف ترمیمی بل معاملے میں کھل کر مرکزی حکومت کی حمایت کی۔ اس حمایت کا مقصد عین یہی تھا کہ مسلمان نتش کمار سے برہم ہوجائیں۔ کیونکہ انہیں اس امر کا علم ہے کہ یہ مسلمان ہی نتش کمار کے ایک بڑے ووٹ بینک ہیں۔ اگر یہ ووٹ بکھر گیا تو نتش کمار حکومت تشکیل دینے کے اہل نہیں رہ جائیں گے۔ ایسے بھی بی جے پی اب نتش کمار کو برسر اقتدار رہنے دینے کے قائل نہیں ہے۔ کئی بی جے پی کے رہنما نتش کمار کے خلاف زہر افشانی کرچکے ہیں۔ مودی اور امیت شاہ مسلسل آپ کے خلاف سازش کرنے میں مصروف کار ہیں۔ اس کے باوجود آپ ابھی تک بی جے پی کی مرکزی حکومت کی بیساکھی بنے ہوئے ہیں۔ اس کا کیا معنی ومفہوم سمجھا جائے۔ آپ کی اس آندھی حمایت کے باعث مسلمانوں کو کس قدر جانی و مالی نقصانات سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ اس کا اندازہ لگانا بھی مشکل ہے۔ کیا اس امر سے آپ آگاہ نہیں ہیں کہ اس برسر اقتدار بی جے پی کے اشارے پر ہندوتوا وادی مسلمانوں پر کیا کیا ستم ڈھا رہے ہیں۔ آپ آج وہی کھیل کھیلنے میں مصروف ہیں جو ماضی میں کانگریس کھیلتی رہی ہے۔ اپنے عہد اقتدار میں اس نے فرقہ واریت کو خوب خوب فروغ دیا۔ ہر فرقہ وارانہ فساد کے بعد کانگریس نے کہا کہ یہ کام سنگھیوں کا ہے۔ انہوں نے دانستہ اور شعوری طور پر کبھی فرقہ واریت پر قدغن لگانے کی کوشش نہیں کی۔ تاکہ مسلمان مسلسل خوفزدہ رہیں اور خوف کے زیر اثر کانگریس کو اپنی رائے دہی سے نوازتے رہیں۔ تاکہ اس کی حکومت تادیر برقرار رہے۔ آج وہی کام نتش کمار اور چندر بابو نائڈو کر رہے ہیں۔ انہوں نے وقف ترمیمی بل کی حمایت کرنے والے اپنی پارٹی کے لیڈر کے خلاف کیا اقدام کئے۔ گرچہ انہوں نے نہ صرف ایک بل کی حمایت کیں بلکہ اپنے اس رویے سے مسلمانوں کو جدیو سے برہم کرنے کی مذموم کوشش کیں۔ تاکہ بہار میں خالص بی جے پی کی حکومت تشکیل پا سکے اور نتش کمار کا سیاسی کیریر برباد ہوسکے۔ ایسے گھر کے بھیدیوں کے حوالے نتش کمار آج بھی اپنی لنکا کئے ہوئے ہیں۔ اس کا یہ معنی ہوا کہ وزیر اعلیٰ چہار جانب سے گھرے ہوئے ہیں۔ پھر بھی یہ اپنے سیاسی کیریر کے سب سے بڑے دشمن بی جے پی کی مرکزی حکومت کو اپنی حمایت جاری رکھے ہیں۔ یعنی سانپ کو اپنی آستین میں پالنے کو مجبور نظر آتے ہیں۔ اب یہاں یہ سوال پیدا ہونا ایک فطری عمل ہے کہ آخر ان کی کیسی مجبوری ہے کہ خود اپنے دشمن کو استحکام بخش رہے ہیں۔ اج ہر شخص کی زبان پر ایک ہی لفظ جاری ہے کہ ضرور بالضرور نتش کمار کی کوئی بہت ہی کمزور نس امیت شاہ کی انگلیوں تلے ہے۔ تب ہی تو موصوف دانستہ طور پر زہر کھانے کو مجبور ہیں۔ یہ آپ موصوف کا ہی جگر ہے کہ اس قدر بیقدری ورسوائی کے باوجود ابھی تک مودی اور شاہ سے چپکے رہے۔ ادھر کچھ دنوں سے خبر گرم ہے کہ آپ بی جے پی سے جدا ہونے والے ہیں۔ یہ خبر روز بروز شدت اختیار کرتی جارہی ہے۔ لیکن اس پر آپ کا کوئی بیان نہیں آرہا ہے۔ نہ آپ اس کی تصدیق کررہے ہیں اور نہ ہی تردید کررہے ہیں۔ اپ نے اپنی سیاست کو بالکل ہی معمہ بنا کر رکھ دیا ہے جو سمجھنے کی ہے اور نہ سمجھانے کی۔ آپ بالکل ہی ڈبل گیم کھیل رہے ہیں۔ جبکہ چراغ پاسوان نے اپنے ایک قریبی کے یہاں چھاپے کی پاداش میں مرکزی حکومت سے اپنی حمایت واپس لینے کا اعلان کردیا ہے۔ شاید موصوف کی غیرت جاگ گئی اور بلا تاخیر اپنے ردعمل کا اظہار فرما دیا ہے۔ یہی حال ایک سیٹ والے جتن رام مانجھی کا ہے۔ انہوں نے اعلان کردیا ہے کہ ہم دلی میں تنہا انتخاب لڑیں گے۔ لیکن معلوم نہیں وزیر اعلیٰ نتش کمار کی غیر کیسی بے حسی کی نیند سو رہی ہے کہ اتنا کچھ گزر جانے کے بعد بھی نہیں جاگی۔ یہ نیند تو کمبھ کرن کی نیند سے بھی بری ہے۔ گرچہ نتش کمار کے ترجمان نیرج کمار کہہ رہے ہیں کہ معاملہ شدت اختیار کرچکا ہے۔ بس وقت کا انتظار ہے۔ وقت آتے ہی موصوف مرکزی حکومت سے حمایت واپس لے لیں گے۔ لیکن شری نتش کمار نے اب بھی خاموشی اختیار کررکھی ہے۔

اب نتش کمار کے مسلم ووٹر آپ موصوف سے استفسار کررہے ہیں کہ ابھی مزید کتنے مسلمانوں کو قتل کروانے کا ارادہ ہے اور کتنے مساجد ومزارات کو شہید کروانے کا منصوبہ ہے۔ اپ کی بخشی ہوئی طاقت کے بل پر گئو رکشا واہنی اور وشو ہندو پریشد کے سرشار ارکان اس قدر مسلمانوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں جس کا ازالہ مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ گری راج سنگھ نے غلط کہا ہے کہ نتش کمار کو بھارت رتن ایوارڈ ملنا چاہئے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ وہ آپ بھاگوت رتن ایوارڈ کے مستحق ہیں۔

benamgilani@gmail.com

